SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**PRESS RELEASE**

For immediate release

March 10, 2023

# فروری میں 2,414 نئی کمپنیاں رجسٹر ہوئیں: ایس ای سی پی

اسلام آباد (10 مارچ) سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے فروری میں 2,414 نئی کمپنیاں رجسٹر کیں، جس کے بعد رجسٹر کمپنیوں کی کل تعداد 187,569 (ایک لاکھ ستاسی ہزار پانچ سو انہتر) ہو گئی ہے۔ نئی رجسٹر ہونے والی کمپنیوں کا کل ادا شدہ سرمایہ 2 ارب 5 کروڑ روپے ہے۔

اس ماہ 99.9 فیصد کمپنیاں آن لائن رجسٹر ہوئیں۔ تقریباً 57 فیصد کمپنیاں پرائیویٹ لمیٹڈ کمپنیوں کے طور پر رجسٹر ہوئیں، جبکہ 40 فیصد سنگل ممبر کمپنیوں کے طور پر اور 3 فیصد کمپنیاں لمیٹڈ لائیبیلیٹی پارٹنر شپ، نان پرافٹ تنظیموں، اور نان لسٹڈ پبلک کمپنیوں کے طور پر رجسٹر ہوئیں۔

فروری میں تشکیل پانے والی کمپنیوں میں افغانستان، آسٹریلیا، چین، جرمنی، آئر لینڈ، جاپان، کینیا، جنوبی کوریا، ملائیشیا، نائجیریا، سنگاپور، سوئٹزرلینڈ، ترکی، متحدہ عرب امارات، برطانیہ، امریکہ، اور یمن سے تعلق رکھنے والے ڈائریکٹروں نے سرمایہ کاری کی۔ اس سرمایہ کاری کا بڑا حصہ چین، جنوبی کوریا، برطانیہ اور امریکہ، افغانستان، جرمنی، جاپان، اور سنگاپور سے موصول ہوا۔

اس ماہ میں سب سے زیادہ رجسٹریشنز رئیل اسٹیٹ ڈویلپمنٹ اینڈ کنسٹرکشن سیکٹر میں ہوئیں جہاں 387 نئی کمپنیاں رجسٹر ہوئیں۔ اس کے بعد انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبے میں 335، ٹریڈنگ میں 299، اور سروسز میں 262 کمپنیاں رجسٹرڈ ہوئیں۔

ایس ای سی پی کا ای سروسز سسٹم ایف بی آر، صوبائی ریونیو کے محکموں کے ساتھ انٹی گریٹیڈ ہے، جس کے نتیجے میں دسمبر میں بیک وقت ایس ای سی پی پورٹل انٹرفیس کے ذریعے 2,372 کمپنیاں ہمہ وقت ایف بی آر کے ساتھ، 89 کمپنیاں ای او بی آئی کے ساتھ، 45 کمپنیاں پنجاب اور سندھ کے سوشل سکیورٹی کے محکموں اور 48 کمپنیاں محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے ساتھ رجسٹر ہوئیں۔

ایس ای سی پی کمپنیز کے نام کی رجسٹریشن اور دستیابی، اور کارپوریشن کے عمل سے متعلق دیگر سوالات کے فوری حل کے لیے موجود واٹس ایپ سہولت کے ذریعے فروری کے مہینے میں تقریباً 1,037 سوالات کے جوابات بھی دیے گئے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005